بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں
رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves
Kids

سلام کے آداب



اباجان : بیٹا کیا میں ایک طریقہ بتاؤں جس سے زیادہ نیکی ملے گی اور لوگ بھی محبت کریں گے ۔

حامد: جی بالکل بتائیں ۔



اباجان : کسی سے ملے وقت سلام کرنا۔

السلام علیکم ورحمۃاللہ و برکاتہ ۔




حامد: کیا جس کو ہم نہیں جانتے انہیں بھی سلام کریں ۔


اباجان : ہاں جسے ہم جانتے ہو اور جسے ہم نہیں جانتے، سلام کریں ۔



اور جب تمہیں سلامتی کی کوئی دعا دی
جائے تو تم بھی سلامتی کی اس سے بہتر
دعا دو یا اسی کو لوٹا دو۔ اللہ ہر چیز کا
حساب کرنے والا ہے۔

سورۃ نساء :86





عمران بن حصین رض کہتے ہیں ؛
ایک دفعہ نبی ﷺ کے پاس ایک شخص
حاضر ہوا اور عرض کیا السلام علیکم۔
نبی ﷺ نے کہا: دس۔
کچھ دیر بعد دوسرا شخص حاضر ہوا اور
کہا :السلامُ علیکم ورحمۃاللہ ۔
نبی ﷺ نے کہا: بیس۔
کچھ دیر بعد تیسرا شخص آیا اور کہا :
السلام علیکم ورحمۃاللہ و برکاتہ ۔
نبی ﷺ نے کہا: تیس

ابو داؤد :۵۱۹۵





صحیح جواب سے ملائیں

السلام علیکم

السلام علیکم ورحمۃاللہ و برکاتہ

السلام علیکم ورحمۃاللہ

تیس نیکیاں

بیس نیکیاں

دس نیکیاں



سلام اسلام کا تحفہ ہے



حامد : اباجان سلام کا جواب کیا دینا چاہیے ۔



اباجان : کسی سے ملے وقت کیا کہو گے۔

حامد : السلام علیکم ورحمۃاللہ و برکاتہ۔



والد: ماشاء اللہ بہت خوب۔
اس کے جواب میں
وعلیکم السلام ور رحمۃ اللہ و برکاتہ
کہنا چاہیے ۔



حامد: جزاکاللہ اباجان۔

صحیح جواب پر ✔ کا نشان بنائیں



? صبح اٹھ کر ماں سے کہیں

☆ السلام علیکم ورحمۃاللہ و برکاتہ ؛ کیسی ہو امی ❤️۔

☆ کیسی ہو امی ❤️۔



? گھر میں داخل ہو تو کہو گے

☆ میرے لیے کھانے میں کیا پکایا ۔



☆ السلام علیکم ورحمۃاللہ و برکاتہ۔



? فون پر بات کریں تو ایسا کہیں

☆ میں حامد ہو، خالد سے بات کرنا چاہتا ہوں ۔

☆ السلام علیکم ورحمۃاللہ و برکاتہ میں حامد ہوں، خالد سے بات کرنا چاہتا ہوں ۔



? میں اپنے بھائی سے ملا تو سلام کیا۔

☆ بھائی نے جواب میں کہا : وعلیکم السلام ورحمۃاللہ و برکاتہ ۔ کیسے ہو بھائی ۔

☆ بھائی نے جواب میں کہا : کب سے بلا رہا ہوں، یہ چیز بازار سے لانا ہے ۔

سلام: امن و سلامتی کی دعا ہے



حامد اباجان کے ساتھ بازار جارہا ہے۔

راستے میں ایک ضعیف شخص ملے، اباجان نے انہیں سلام کیا اور آگے بڑھے۔

حامد پوچھا : اباجان آپ نے بات کرنے سے پہلے انہیں سلام کیوں کیا؟

اباجان بولے: کیونکہ وہ مجھ سے بڑے ہیں ۔



چھوٹے، بڑے لوگوں کو سلام کریں

کچھ دیر بعد ایک لڑکا ملا جو اباجان کو سلام کیا۔

حامد پوچھا آپ نے سلام کیوں نہیں کیا۔

اباجان نے جواب دیا کیونکہ وہ مجھ سے چھوٹا ہے اور وہ سلام کے آداب جانتا ہے ۔



کھڑا شخص بیٹھے کو سلام کرے

کچھ آگے جانے کے بعد ایک لڑکا پارک میں بیٹھا تھا اباجان نے اسے سلام کیا۔

حامد نے پوچھا : اباجان وہ لڑکا آپ سے چھوٹا ہے ۔ آپ نے اسے سلام کیوں کیا ؟

اباجان بولے: کیونکہ وہ بیٹھا ہوا ہے اور ہم کھڑے ہوئے ہیں ۔



سوار شخص پیدل چلنے والے کو سلام کرے

کچھ دور چلنے پر ایک ٹیکسی سے ضعیف شخص نے سلام کیا اور سواری کا پوچھا۔ اباجان نے سلام کا جواب دیا اور کہا نہیں ۔

حامد نے پوچھا : اباجان وہ بزرگ ہیں اور بیٹھے ہیں ۔ پھر انہوں نے کیوں سلام کیا؟

اباجان بولے : بیٹے وہ گاڑی پر سوار ہے اور ہم پیدل چل رہے ہیں ۔



گنتی میں کم لوگ زیادہ لوگ کو سلام کرے

کچھ دور اور چلنے کے بعد ایک میدان میں چند لڑکے بیٹھے باتیں کر رہے تھے ۔ اباجان نے ان سب کو بلند آواز میں سلام کیا ۔

حامد نے پوچھا : اباجان وہ آپ سے چھوٹے ہیں اور بیٹھے ہوئے ہیں، پھر آپ نے انہیں سلام کیوں کیا ؟

اباجان بولے : وہ گنتی میں زیادہ ہے اور ہم کم ہے ۔



گھر میں داخل ہونے والے سلام کریں

بزار سے سامان لے لیا اور گھر واپس لوٹے۔ اباجان گھر میں داخل ہوتے ہوئے بسم اللہ پڑھا اور بلند آواز میں سلام کیا ۔

حامد پوچھا : اباجان آپ نے کیوں بلند آواز میں سلام کیا ۔

اباجان بولے : کیونکہ گھر میں داخل ہونے والے گھر میں موجود لوگوں کو سلام کریں ۔

اس طرح حامد اباجان کے ساتھ بازار گھومتے ہوئے سلام کے آداب سیکھ لیئے۔





صحیح جواب پر ✔ نشان بنائیں



☐ ★ بڑے لوگ چھوٹوں کو سلام کریں

☐ ★ چھوٹے ، بڑے لوگ کو سلام کریں

☐ ★ کھڑا شخص بیٹھے شخص کو سلام کریں

☐ ★ گھر میں داخل ہونے والے گھر میں موجود لوگ کو سلام کریں

☐ ★ بیٹھے لوگ کھڑے ہوئے لوگ کو سلام کریں

☐ ★ گاڑی پر سوار پیدل چلنے والوں کو سلام کریں

☐ ★ زیادہ لوگ کم لوگ کو سلام کریں

☐ ★ پیدل چلنے والے سوار کو سلام کریں

☐ ★ کم لوگ زیادہ لوگ کو سلام کریں



ہمارے اصلاف بعض اوقات صرف لوگوں کو سلام کرنے بازار جایا کرتے تھے۔ ⭐⭐⭐

ہم بھی سلام کرنے میں پہل کریں ۔

سلام کرنے سے کیا ہوتا ہے ✔ نشان بنائیں

- [ ] نیکی لکھی جاتی ہے
- [ ] لوگ محبت کریں گے
- [ ] امن کی دعا دینا ہے
- [ ] ایک پیارا تحفہ ہے۔



